سوال

251522

جواب

جنات سے زنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !سوال ۔ اگر کسی عورت سے جنات نے زنا کیا تو کیا وہ بھی گناہ گار ہوگی ۔ ؟ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!! پہلی بات تو یہ ہے کہ ایسے واقعات کا وقوع تقریبا نا ممکن ہے ۔ اور اگر ایسا کوئی واقعہ ہوتا بھی ہے تو اس میں عورت کی مرضی اور عدم مرضی کا اعتبار ہوگا ۔ اگر یہ زنا عورت کے رضا اور مرضی سے واقع ہوا ہو تو اس سے عورت بھی گناہ گار ہوگی، اور اگر جنات نے زبردستی ایسا کیا ہو اور اس میں عورت کی مرضی یا اختیار شامل نہ ہو تو امید ہے کہ وہ اللہ کے ہاں بری الذمہ ہوگی ۔ اور اسے گناہ نہیں ہوگا ۔ اور اس سے نکاح پر کوئی اثر نہیں ہوگا کیوں کہ یہ مسئلہ انسان کے بس سے باہر ہے ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی